Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جز کا ایک نمبر ہے۔

(i) حیدر بخش حیدری کی ''آرائشِ محفل'' کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟

الف۔ سوانح    ب۔ داستان

ج۔ ناول    د۔ افسانہ

(ii) چچا چھکن کا مزاحیہ کردار کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ سجاد حسین    ب۔ مشتاق احمد یوسفی

ج۔ امتیاز علی تاج    د۔ سرشار

(iii) ڈراما ''اندر سبھا'' کس نے لکھا؟

الف۔ امانت لکھنوی    ب۔ واجد علی شاہ

ج۔ آغا حشر    د۔ احمد شجاع پاشا

(iv) ترقی پسند تحریک کا آغاز کس سال ہوا؟

الف۔ 1929ء    ب۔ 1931ء

ج۔ 1934ء    د۔ 1936ء

(v) 'حیاتِ سعدی' کس کی نثری تخلیق ہے؟

الف۔ مولانا حالی    ب۔ مولانا شبلی نعمانی

ج۔ ڈپٹی نذیر احمد    د۔ مولانا محمد حسین آزاد

(vi) رسالہ 'تہذیب الاخلاق' کس نے جاری کیا؟

الف۔ نواب وقار الملک    ب۔ نواب محسن الملک

ج۔ سرسید احمد خان    د۔ عبدالحلیم شرر

(vii) امراؤ جان ادا نے کیا بتایا کہ اُس کی شادی کس کے ساتھ ٹھہری ہوئی تھی؟

الف۔ پھوپھی کے لڑکے کے ساتھ    ب۔ خالہ کے لڑکے کے ساتھ

ج۔ ماموں کے لڑکے کے ساتھ    د۔ چچا کے لڑکے کے ساتھ

(viii) مولانا شبلی نعمانی نے پروفیسر آرنلڈ سے کون سی زبان سیکھی؟

الف۔ انگریزی    ب۔ فرانسیسی

ج۔ جرمن    د۔ اطالوی

(ix) پرکاش نے چمپا کو کیا بتایا کہ ایک سیٹھ صاحب کے گھر کتنے روپے ماہوار کا کام مل گیا ہے؟

الف۔ سو روپے    ب۔ اسی روپے

ج۔ ساٹھ روپے    د۔ پچاس روپے

(x) شریف حسین کے بڑے بیٹے کو کتبہ کہاں سے ملا؟

الف۔ بوری سے    ب۔ الماری سے

ج۔ صندوق سے    د۔ پرانے بکس سے

Result.PK

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) قطب شاہی دَور کے ممتاز نثر نگار اور مثنوی 'قطب مشتری' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ نُصرتی ب۔ غواصی
ج۔ مُلّا وجہی د۔ وَلی دکنی

(xii) وَلی دکنی کی آمد سے پہلے شالی ہند میں کس زبان کا غلبہ تھا؟

الف۔ ہندی ب۔ سنسکرت
ج۔ عربی د۔ فارسی

(xiii) میر ببر علی انیس کے دادا کا کیا نام تھا؟

الف۔ میر سوز ب۔ میر ضاحک
ج۔ میر حسن د۔ میر خلیق

(xiv) کس شاعر کو سرسید کا مخالف سمجھا جاتا ہے؟

الف۔ مولانا محمد حسین آزاد کو ب۔ اکبرالہ آبادی کو
ج۔ نظیر اکبر آبادی کو د۔ جوش ملیح آبادی کو

(xv) اقبالؒ کو سرکارِ برطانیہ کی طرف سے 'سر' کا خطاب کس سال ملا؟

الف۔ 1922ء ب۔ 1923ء
ج۔ 1924ء د۔ 1927ء

(xvi) مرثیہ کس زبان کے لفظ ''رثا'' سے ماخوذ ہے؟

الف۔ فارسی ب۔ اُردو
ج۔ عربی د۔ ہندی

(xvii) رُباعی کے کون سے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں؟

الف۔ پہلا دوسرا اور چوتھا ب۔ دوسرا اور چوتھا
ج۔ پہلا اور تیسرا د۔ پہلا ، تیسرا اور چوتھا

(xviii) مافوق الفطرت عناصر کس نثری صنفِ ادب میں بکثرت ہوتے ہیں؟

الف۔ سوانح ب۔ ناول
ج۔ داستان د۔ انشائیہ

(xix) اقبالؒ نے اپنی غزل کو کیا کہا ہے کہ میری غزل کیا ہے؟

الف۔ میرا اثاثہ ب۔ میرا ثمر
ج۔ میرا سرمایہ د۔ میری دولت

(xx) اُردو نثر میں طنز و مزاح کی سب سے پہلی صورت ________ میں ملتی ہے۔

الف۔ اودھ پنچ ب۔ صحرا نورد کے خطوط
ج۔ مضامینِ پطرس د۔ غالب کے خطوط

---

برائے ممتحن : کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: [ ]

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲۔ ’توبۃ النصوح‘ کو پیش نظر رکھتے ہوئے نذیر احمد کے اسلوب کا جائزہ لیں۔ (12)

(یا)

نذیر احمد مُبلّغ اور مصلح پہلے ہیں اور ناول نگار بعد میں۔ اس حوالے سے اُن کے ناول ’توبۃ النصوح‘ کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو: (3x5=15)

(i) سلمان خاموش لیٹا اپنے بوڑھے باپ کے متعلق کیا سوچتا رہتا تھا؟
(ii) خوشی محمد ناظر کی نظم ’جوگی‘ کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔
(iii) ’امالی‘ کے نام سے مشہور ہونے والی کتاب کس طرح تیار ہوتی تھی؟
(iv) ڈراما ’انارکلی‘ میں دلارام کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۴۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ تین موٹی موٹی سُرخیاں دیکھنے کے بعد ایک خبر پر اُس کی نظریں جم کر رہ گئیں۔۔۔۔ مشہور مُسلمان کانگرسی لیڈر کو کسی شخص نے مار دیا۔ نہرو کا اظہارِ افسوس، مرحوم کے خاندان کے لیے تین ہزار روپیا کا عطیہ۔ ہندو مسلمان منافرت کی شدید مذمت۔۔۔۔
بڑے چچا کا نام پڑھ کر اُس نے دونوں ہاتھوں سے مُنہ چھپا لیا۔ وُہ پاگلوں کی طرح اُٹھی اور پھر اپنے بستر پر گر پڑی۔ اُسے اپنے دل میں درد سا محسوس ہو رہا تھا۔ ارے وہ تو بڑے چچا سے مِل کر بھی نہ آئی تھی اور وہ ہمیشہ کے لیے رُخصت ہو گئے۔

ب۔ دوسری قوموں کی رسومات کا اختیار کرنا اگرچہ بے تعصّبی اور دانائی کی دلیل ہے مگر جب وہ رسمیں اندھے پن سے صرف تقلیداً بغیر سمجھے بوجھے اختیار کی جاتی ہیں تو کافی ثبوت نادانی اور حماقت کا ہوتی ہیں۔ دوسری قوموں کی رسومات اختیار کرنے میں اگر ہم دانائی اور ہوشیاری سے کام کریں تو اُس قوم سے زیادہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اس لیے کہ ہم کو اُس رسم سے تو موانست نہیں ہوتی اور اس سبب سے اُس کی حقیقی بھلائی یا بُرائی پر غور کرنے کا، بشرطیکہ ہم تعصب کو کام میں نہ لاویں، بہت اچھا موقع ملتا ہے۔ اُس قوم کے حالات دیکھنے سے جس میں وہ رسم جاری ہے ہم کو بہت عمدہ مثالیں سیکڑوں برس کے تجربے کی ملتی ہیں جو اُس رسم کے اچھے یا بُرے ہونے کا قطعی تصفیہ کر دیتی ہیں۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کا بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
نظام اپنا لیے پھرتا ہے کیا خورشید نُور افشاں
ہزاروں ایسی دُنیاؤں کو شامل ہے نظام اُس کا
میں اُس کو کعبہ و بتخانہ میں کیوں ڈھونڈنے جاؤں
مرے ٹوٹے ہوئے دل ہی کے اندر ہے مقام اُس کا
سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وُہ ہے
خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اُس کا

ب۔
جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور
رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے
شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو
نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے
مِلّت کے ساتھ رابطہ اُستوار رکھ
پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ

سوال نمبر۶۔ مجید امجد کی نظم ’طلوعِ فرض‘ کا فکری اور فنی جائزہ لیجیے۔ (9)

(یا)

جوش ملیح آبادی کی نظموں میں مناظرِ فطرت کی عمدہ تصویرکشی ملتی ہے۔ نظم ’مناظرِ سحر‘ کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے مُدلل جواب دیجیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ ادب اور زندگی
ب۔ میرا پسندیدہ مزاح نگار
ج۔ ایک ہوں مُسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
د۔ حالی اور قومی اصلاح

سوال نمبر۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ ناول
ب۔ انشائیہ

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ مرثیہ
ب۔ قطعہ



Result.pk